© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**اسلام، ایک نظریہ، ایک تحریک** تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ۔ مترجم: جناب آباد شاہ پوری ایم اے
شائع کردہ: مکتبہ یوسفیہ سنت نگر، لاہور۔ صفحات ۴۰۰۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۱۰ روپے۔
سستا ایڈیشن ۷ روپے۔

زیر تبصرہ کتاب نومسلم خاتون محترمہ مریم جمیلہ کی ایک قابلِ قدر انگریزی تصنیف ISLAM IN THERY AND PRACTICE (جس کا تعارف ترجمان القرآن میں پہلے کرایا جا چکا ہے) کا اردو ترجمہ ہے۔ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں مصنفہ نے اپنے فکری اور اعتقادی سفر کی داستان بڑے دلچسپ پیرائے میں بیان کی ہے۔ دوسرے حصے میں انہوں نے اسلام کے نظریاتی پہلوؤں کی وضاحت کی ہے۔ تیسرے حصے میں دنیائے اسلام کے اندر اٹھنے والی اُن تحریکات کا جائزہ لیا ہے جو اٹھارہویں صدی سے اب تک احیائے دین کے لیے کوشاں رہی ہیں۔ آخری حصے میں مسلمانوں کو اُن کی دینی ذمہ داریوں کا احساس دلایا گیا ہے۔ کتاب کے ایک ایک حرف سے مریم جمیلہ کی اسلام سے گہری محبت اور وابستگی، ایمان کی پختگی اور اصابت رائے کا اظہار ہوتا ہے۔

فاضل مترجم نے اس کتاب کو بڑی خوبی کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور الفاظ کے ترجمے کے ساتھ ساتھ مصنفہ کے پاکیزہ جذبات کو بھی بڑی کامیابی کے ساتھ اردو میں منتقل کیا ہے یہ کتاب ہمارے دینی ادب میں اچھا اضافہ ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

© rasailojaraid.com